## لاہور میں 13 سالہ ملازمہ شازیہ پر مالکان کا وحشیانہ تشدد اور قتل ایک سفاکانہ واقعہ ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔23 جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور میں 13 سالہ ملازمہ شازیہ کو تشدد کرکے قتل کرنے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے ۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایک کم سن ملازمہ پر مالکان کا وحشیانہ تشدد اور قتل ایک سفاکانہ واقعہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس سفاکانہ واقعہ میں ملوث افراد کو فی الفور گرفتار کیا جائے ،شازیہ کے مظلوم خاندان کو انصاف فراہم کیا جائے اور قاتلوں کو گرفتار کرکے سخت سے سخت سزادی جائے تاکہ آئندہ کسی کو بھی ایسا سفاکانہ عمل کرنے کی جرات نہ ہو۔ جناب الطاف حسین نے مظلوم شازیہ کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ کم سن شازیہ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## ہیٹی میں قیامت خیز زلزلے سے ہزاروں افراد کی ہلاکت اور بڑے پیمانے پر تباہی پر الطاف حسین کا اظہار افسوس
## سانحہ پر پاکستان کے تمام عوام ہیٹی کے صدر اور متاثرہ عوام سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔23 جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہیٹی میں قیامت خیز زلزلے سے ہزاروں افراد کی ہلاکت اور بڑے پیمانے پر ہونے والی تباہی پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہیٹی میں آنے والا قیامت خیز زلزلہ ایک بہت بڑا سانحہ ہے جس کے نتیجے میں ہزاروں افراد جاں بحق ہو چکے ہیں ،بڑے پیمانے پر ہونے والی تباہی سے لاکھوں افراد متاثر ہوئے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے قیامت خیز زلزلے پر ہیٹی کے صدر اور ہیٹی کے عوام سے دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سانحہ پر ایم کیو ایم کے کارکنان سمیت پاکستان کے تمام عوام ہیٹی کے متاثرہ عوام سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ تمام جاں بحق ہونے والے افراد کی مغفرت فرمائے ،زخمیوں کو صحتیابی عطا کرے، ہیٹی کے عوام کو اس سانحہ سے نمٹنے کا حوصلہ عطا کرے اور تمام قوموں پر اپنا رحم و کرم نازل فرمائے۔

## کلمہ گو مسلمان بھائیوں کو نشانہ بنانے والے صرف اور صرف دہشتگرد ہیں اور ان کا کوئی مذہب نہیں ہے، الطاف حسین
## ضلع ٹانک میں گومل تھانے کی عمارت سے بارود سے بھری گاڑی ٹکرانے پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔23،جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین نے ضلع ٹانک میں گومل تھانے کی عمارت سے بارود سے بھری گاڑی ٹکرانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور خودکش کار بم دھماکے کے نتیجے میں متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسلام کا نام لیکر اپنے ہی کلمہ گو مسلمانوں کو خودکش بم دھماکوں اور دہشت گردی کی کارروائیوں کا نشانہ بنانے والے صرف اور صرف دہشت گرد ہیں اور ان کا کوئی مذہب نہیں ہے بلکہ یہ سفاک دہشت گرد پوری انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ،سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے اور زخمیوں کو جلد و مکمل صحتیابی عطا فرمائے۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری ،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ ضلع ٹانک میں گومل تھانے کی عمارت سے بارود سے بھری گاڑی ٹکرانے کا سختی سے نوٹس لیا جائے ،دہشت گردی اور دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے مقامی سطح پر رائے عامہ ہموار کی جائے اور دہشت گردوں کا جلد از جلد قلع قمع کرکے ملک و قوم کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## غیرقانونی تارکین وطن کے خلاف آپریشن کے نام پرمحبّ وطن بنگالیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا گیا ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔23، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں مقیم لاکھوں بنگالی نژاد پاکستانیوں کومختلف اداروں کی جانب سے ہراساں کرنے اوران کی گرفتاریوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بنگالی محبّ وطن پاکستانی ہیں اوران کی اکثریت ماہی گیری کے پیشے اورمحنت کش طبقہ سے وابستہ ہے اور یہ کسی قسم کی ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن اور طالبان کی سرگرمیوں سے ملک کے استحکام اورمعیشت کوخطرات لاحق ہیں، بالخصوص شہر کراچی میں ان کی تیزی سے بڑھتی ہوئی سرگرمیوں کوروکنے کے بجائے انتظامیہ نے غیرقانونی تارکین وطن کے خلاف آپریشن کا نام لیکرمحبّ وطن بنگالیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیرعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ بے گناہ بنگالیوں کو ہراساں اور پریشان کرنے والے مختلف اداروں کے اہلکاروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اور بنگالی نژاد پاکستانیوں کیلئے شناختی کارڈ کے جلدازجلد حصول کویقینی بنایا جائے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے محبّ وطن بنگالی نژاد پاکستانیوں کوناانصافیوں کے خلاف متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔

## گلشن اقبال اورجمشید ٹاؤن کیلئے 50 کروڑ روپے کی لاگت سے برساتی نالے کا سنگ بنیادعوام کی بلاتفریق خدمت کی ایک اورمثال ہے، ارکان سندھ اسمبلی
## شہری حکومت کی حق پرست قیادت نے اپنی 4 سالہ کارکردگی کا حق ادا کر دیا ہے

کراچی۔۔۔23، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے شہری حکومت کراچی کے سٹی ناظم مصطفیٰ کمال کی جانب سے گلشن اقبال اور جمشید ٹاؤن کیلئے 50 کروڑ روپے کی لاگت سے برساتی نالے کے سنگ بنیادکوعوام کی بلاتفریق خدمت کی ایک اورمثال قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شہری حکومت کی حق پرست قیادت نے اپنی 4 سالہ کارکردگی کا حق ادا کردیا ہے اورشہر کراچی میں حق پرست قیادت کی جانب سے کرائے جانے والے ترقیاتی اورتعمیراتی کام ملک سمیت دنیا بھرکیلئے نمونہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت کا جذبہ رکھنے والی قیادت ہوتو وہ تمام تر سازشوں اور رکاوٹوں کے باوجودعوامی خدمت کا عمل جاری رکھتی ہے اورشہری حکومت کراچی کی حق پرست قیادت نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفے اورنظریئے پرعمل کیا ہے اوریہی وجہ اسے عوام میں سرخرو کرنے کا سبب بھی بن رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ گلشن اقبال اورجمشید ٹاؤن میں برساتی نالے کے قیام سے عوام کوبرسوں پرانے دیرینہ مسائل سے نجات حاصل ہوگی اور برساتی موسم میں بھی نکاسی آب کی پریشانیوں سے محفوظ رہیں گے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے سٹی گورنمنٹ کراچی کی حق پرست قیادت کی کارکردگی کوزبردست انداز میں سراہا اورسٹی ناظم مصطفیٰ کمال، نائب ناظم محترمہ نسرین جلیل، حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، یوسی نائب ناظمین اورکونسلروں کوزبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔

## مینار پاکستان لاہور پر ہونیوالا پنجاب کنونشن تاریخی کامیابی حاصل کریگا، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی

کراچی۔۔۔23، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج واراکین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے تحت 14 فروری کو مینار پاکستان لاہور پر ہونے والا ''پنجاب کنونشن'' تاریخی کامیابی حاصل کریگا اور یہ کنونشن پنجاب کے غریب ہاریوں، کسانوں اورمظلوم عوام کیلئے خوشحالی کی نوید ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام کے دلوں میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکروفلسفہ اورنظریہ بس چکا ہے اورصوبہ سندھ، بلوچستان، صوبہ سرحدسمیت آزادکشمیراورگلگت بلتستان کے بعداب صوبہ پنجاب میں بھی حق پرستی کے نعرے گونجیں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم صوبہ پنجاب کے مظلوم عوام کواستحصالی نظام سے نجات دلائے گی اوراس جدوجہد کیلئے پنجاب کے مظلوم عوام کا شانداراورعملی مظاہرہ 14 فروری کو مینار پاکستان لاہور میں ''پنجاب کنونشن'' میں ہوگا جس سے استحصالی عناصر کی نیندیں اڑ جائیں گی۔ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج واراکین نے پنجاب بھرکے عوام سے اپیل کی کہ وہ 14 فروری کو مینار پاکستان لاہور میں ہونے والے پنجاب کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اوراستحصالی اورفرسودہ نظام کے خلاف اپنے اتحاد کا عملی مظاہرہ کریں۔

## نیوکراچی ٹاؤن کے حق پرست نگراں یوسی ناظم اور فیڈرل بی ایریا سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نیوکراچی ٹاؤن کے حق پرست نگراں یوسی ناظم محمد شاہد کی والدہ محترمہ شمیم فاطمہ، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 152 کے کارکن محمد عامر کی والدہ محترمہ رشیدہ النساء بیگم، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 149 کے کارکن کبیر شیخ کی والدہ محترمہ سعیدالنساء ابراہیم اور ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 154 کے کارکن شاہد احمد کی والدہ محترمہ وحیدالنساء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## دریائے سندھ سے خشکی دور کرنے اور سندھ کے پانی کے تحفظ کیلئے انڈس ریورڈے قابل قدر کاوش ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔23، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مقامی ٹی وی چینل کی جانب سے دریائے سندھ سے خشکی دور کرنے اور اس کے پانی کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے بنائے جانے والے انڈس ریورڈے کا خیر مقدم کیا ہے اور اسے دریائے سندھ کی خشکی ختم کرنے اور اسے تحفظ فراہم کرنے کیلئے قابل قدر کاوش قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک کی وہ واحد جماعت ہے جس نے حکومت میں یا حکومت سے باہر رہتے ہوئے ہر دونوں صورتوں میں بھرپور کردار ادا کیا ہے اور آج سندھ کو فراہمی آب کی قلت کا سامنا ہے دریائے سندھ کے خشک ہونے کا خدشہ ہے جس کے پیش نظر ایم کیوایم حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ منصفانہ تقسیم آب کے ذریعے اس مسئلے کو قومی جذبے اور مکمل یکجہتی کے ساتھ حل کرے ایم کیوایم اس سلسلے میں ہر ممکن تعاون کرنے کو تیار ہے۔

## ملک بھر میں ٹیلی ویژن ماہانہ فیس میں اضافہ غریب عوام پر اضافی بوجھ ہے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔23، جنوری 2010ء

حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے حکومت کی جانب سے ملک بھر میں آٹا، چینی تیل، گیس اور بجلی کے نرخوں میں اضافے کے بعد ٹیلی ویژن کی فیس میں خاموش اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ آٹا، چینی، تیل، گیس اور بجلی سمیت ٹیلی ویژن کی فیس میں اضافہ فی الفور واپس لیا جائے۔ ایک بیان میں اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے ملک بھر میں خاموشی سے ٹیلی ویژن فیس میں اضافہ کر دیا ہے جو بجلی کے بل کے ساتھ منسلک کر کے وصول کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام پہلے ہی مہنگائی میں تیزی سے اضافے کے باعث انتہائی غربت کی زندگی گذارنے پر مجبور ہیں جبکہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے جسکی بڑی آبادی گاؤں دیہاتوں پر مشتمل ہے اور جہاں بجلی تو ہے لیکن ٹیلی ویژن جیسی جدید سہولت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے غریب عوام جو ٹیلی ویژن نہیں دیکھتے انہیں بجلی کے بل کے ساتھ ٹیلی ویژن کے بل بھیجنا اور اس میں اضافہ کرنے کا عمل سراسر غلط اور عوام کے ساتھ کھلی ناانصافی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر قمرالزماں کائرہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹیلی ویژن فیس میں حالیہ اضافے کا نوٹس لیا جائے اور مہنگائی پر قابو پانے کیلئے آٹا، چینی، تیل، گیس اور بجلی کے نرخوں میں فی الفور کمی کی جائے۔

☆☆☆☆☆